افتاء مکتب سے لی گئی شرعی رہنمائی

(لحن جلی، لحن خفی، دوران اجارہ سو جانا، شرعی مسائل بتانے میں غلطی)

مسئلہ: اگر کسی طالب علم کی لحن جلی یا خفی ہوتی ہے اور مدرس اسلامی بھائی اسکی اصلاح نہیں کر پاتے ہیڈ فون کی پرابلم یا نیٹ پرابلم یا کسی کے سلام کا جواب دینے کی صورت میں یا محض سستی کی صورت کی وجہ سے تو اس صورت میں شریعت ہماری کیا رہنمائی فرماتی ہے۔

جواب: اگر طالب علم کی طرف سے لحن جلی آتی ہے اور مدرس اسکی نیٹ پرابلم یا کسی وجہ سے آواز نہیں سن پایا تو اس پر پوچھا جائے اور مدرس کے اس عذر کو قبول کیا جائے اور اگر مدرس بغیر کسی وجہ سے وجہ سے اصلاح نہیں کرتا تو اس صورت میں ان سے وضاحت کی جاسکتی ہے لیکن اسکی وجہ مدرس کی سالانہ کارکردگی کمزور نہ کی جائے۔

مسئلہ: اگر کوئی مدرس اسلامی بھائی دوران اجارہ پڑھاتے پڑھاتے سو جاتے ہیں یا طالب علم موجود نہیں تھے اور مدرس اسلامی بھائی بیان سنتے یا مطالعہ کرتے سو گئے تو صورت میں کیا ترکیب بنائی جائے نیز اگر دن کی شفٹ ہے تو کیا صورت ہو گی اور اگر رات کی شفٹ ہے تو پھر کیا صورت ہو گی۔

جواب: دوران اجارہ اوقات چاہے درجہ پڑھا رہے ہوں یا فارغ بیھٹے ہوں دونوں صورتیں ناجائز نہیں اور تسلیم نفس کے خلاف ہیں لہذا اس صورت میں مدرس سے پہلی بار وضاحت اگر دن کی شفٹ ہے تو دوسری بار پر تفہیم کی ترکیب کی جائے اور اگر رات کی شفٹ ہے تو دوسری بار وضاحت اور تیسری بار تفہیم کی ترکیب کی جائے۔

مسئلہ: اگر کوئی جامعۃالمدینہ آن لائن یا مدرسۃالمدینہ آن لائن کے مدرس شرعی مسئلہ بتاتے ہوئے خطاء کر جاتے ہیں تو اس صورت میں کیا لائحہ عمل طے کیا جائے کیا اس صورت ان کی کارکردگی کمزور کی جاسکتی ہے یا تفہیم کی صورت بنائی جاسکتی ہے۔

جواب: اس میں مسئلہ کی کیفیت اور مدرس کی وضاحت کو دیکھ کر ہی فیصلہ کیا جاسکتا ہے کہ بعض صورتوں میں تفہیم اور بعض میں فراغت کیہ جاسکتی ہے اور بعض میں رعایت کی صورت بھی ہوتے بہر حال ہر صورت میں وضاحت کی ترکیب کی جاسکتی ہے۔

مجلس مدرسۃالمدینہ آن لائن (دعوت اسلامی)